محترمہ مدیرہ جامعہ اثریہ للبنات
جناب حافظ احمد عقیق

جامعہ اثریہ للبنات میں خواتین کا دو روزہ سالانہ تبلیغی اجتماع

"جامعہ علوم اثریہ" کے ماہانہ علمی تقریری مقابلے

جامعہ اثریہ للبنات میں ۳-۴ ر اکتوبر کو خواتین کا دو روزہ سالانہ تبلیغی اجتماع منعقد ہوا۔ پہلی نشست میں طالبات کا تقریری مقابلہ ہوا ـــــ موضوع تھا:

"وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَىٰ!"

طالبات نے کتاب وسنّت کی روشنی میں موضوع پر شرح وبسط سے اور بڑے عالمانہ انداز میں اظہارِ خیال کیا۔ اس مقابلہ میں اول انعام تاندلیانوالہ سے آنے والی طالبہ نے، دوسرا انعام گورنمنٹ گرلز ہائی سکول نمبر ۲ کی طالبہ نے حاصل کیا، جب کہ تیسرے انعام کی مستحق گورنمنٹ گرلز ہائی سکول نمبر ۱ کی طالبہ قرار پائی ـــــ واضح رہے جامعہ کی طالبات اس سالانہ اجتماع کے موقع پر شریکِ مقابلہ نہیں ہوتیں۔

اجتماع میں جہلم شہر اور مضافات سے خواتین کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور مختلف شہروں سے آنے والی معلّمات ومبلّغات کے تبلیغی درسوں سے استفادہ کیا۔ خواتین نے اجتماع کی درمیانی شب میں نمازِ تہجد ادا کی اور ملک وملّت کی بھلائی وبہتری کے لیے دعائیں کیں ـــــ اجتماع کے دوسرے روز آخری نشست میں تقسیمِ اسناد وانعامات کا پروگرام ہوا اور علامہ محمد مدنی کی والدہ محترمہ نے طالبات میں اسناد وانعامات تقسیم کیے۔ آخر میں دعا کے ساتھ یہ پروگرام بخیر وخوبی اختتام پذیر ہوا۔

(مدیرہ جامعہ اثریہ للبنات)

مرکزِ علم وادب جامعہ علومِ اثریہ جہلم کے طلباء کے مابین ایک ماہانہ علمی، تقریری مقابلہ بعنوان "حضرت علی رضؓ کی خلافت کے بارے اہلِ سنّت اور شیعہ کا موقف" زیرِ سرپرستی شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر محمد یعقوب صاحب قریشی منعقد ہوا، جس کی صدارت "مجلس التحقیق الاثری" کے رئیس حضرت مولانا حافظ ثناء اللہ صاحب زاہدی نے کی۔ جبکہ رئیس الجامعہ قائدِ تحفظِ حرمین شریفین موومنٹ پاکستان حضرت علامہ محمد مدنی صاحب اور مدیر الجامعہ فضیلۃ الاستاذ حضرت مولانا حافظ عبدالمجید صاحب عامر مہمانِ خصوصی تھے۔ طلباء نے عربی اور اُردو میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس تقریری مقابلہ میں حافظ محمد اسلم شاہدروی نے اوّل، غلام مصطفےٰ ظہیر نے دوم، حافظ عبدالحمید نے سوم اور حافظ محمد اعجاز شیخوپوری نے چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ حسبِ سابق طلباء میں نقدی اور کتب کی صورت میں قیمتی انعامات تقسیم کیے گئے اور یہ تقریری مقابلہ دعائے خیر پر اختتام پذیر ہوا۔

اسی طرح ایک دوسرا علمی، تقریری مقابلہ "عید میلاد النبیؐ کی شرعی حیثیت" کے موضوع پر، بتاریخ ۱۵ اکتوبر ۱۹۹۲ء زیرِ صدارت مدیر الامتحانات حضرت مولانا محمد اکرم صاحب جمیل منعقد ہوا۔ سرپرست اور مہمانِ خصوصی حسبِ سابق (بالترتیب) شیخ الحدیث پیر محمد یعقوب صاحب قریشی، حضرت علامہ محمد مدنی صاحب اور فضیلۃ الاستاذ حافظ عبدالمجید صاحب عامر تھے ـــــ جبکہ منصفین کے فرائض مولانا محمد یونس صاحب عاصم، مولانا حافظ نعیم الحق صاحب اور مولانا مظفر صاحب نے انجام دیئے۔

جامعہ کے اٹھائیس ۲۸ طلباء نے اس مقابلہ میں ذوق وشوق سے حصہ لیا، جن میں سے غلام مصطفےٰ ظہیر نے اوّل، سلطان محمود نورستانی نے دوم، حافظ محمد اسلم شاھدروی اور عامر شریف نے مشترکہ طور پر سوم اور عبدالرؤف نے چہارم پوزیشن حاصل کی۔ صدرِ جلسہ نے اول، دوم، سوم، چہارم پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کو خصوصی، جبکہ تمام شرکائے مقابلہ مقررین کو عمومی انعامات دیئے۔

جمعیّت شبان اہل حدیث جہلم کے میڈیکل طالب علم عدنان صادق کا اعزاز:

عدنان صادق، جن کا تعلق جمعیت شبان اہل حدیث جہلم سے ہے، کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج

(K.E.M.C) سے ایم ۔ بی ۔ بی ۔ ایس کے فائنل ایئر کے طالب علم ہیں ۔ انھوں نے ایم ۔ بی ۔ بی ۔ ایس کے تیسرے سالانہ امتحان میں پنجاب یونیورسٹی میں پہلی پوزیشن حاصل کرکے وزیرِ اعظم میاں محمد نواز شریف سے سلور میڈل حاصل کیا، اس کے بعد چوتھے سالانہ امتحان میں پھر پنجاب یونیورسٹی میں اول پوزیشن حاصل کی اور دو گولڈ میڈل حاصل کیے ۔ علاوہ ازیں جامعہ علومِ اثریہ کے سالانہ جلسۂ تقسیم انعامات میں بھی اس اعزاز پر شیلڈ حاصل کی ۔

ابھی حال ہی میں روزنامہ "جنگ" سپورٹس ونگ کے زیرِ اہتمام پاکستان بھر میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے پر انھوں نے ٹیلنٹ ایوارڈ حاصل کیا ۔ اس کے علاوہ بھی وہ بہت سے دیگر انعامات حاصل کر چکے ہیں ۔ آپ ہارٹ سرجری میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ انھیں ملک و ملت کی بہترین، بے لوث خدمات انجام دینے کی توفیق ارزانی فرمائے ۔ آمین !

اگر ضرورت ہو!

میرے بھائی حافظ محمد اکرم صاحب ــــ جو میٹرک، ایف ۔ اے، فاضل اردو، پی ۔ ٹی ۔ سی، بی ۔ اے اور سی ۔ ٹی کی اسناد کے حامل ہیں ــــ کسی اہل حدیث ادارہ (فیکٹری، کارخانہ، مدرسہ، اسکول) میں دفتری کام یا میٹرک، ایف ۔ اے، بی ۔ اے کے سائنس، آرٹس جملہ مضامین کی تدریس کا ارادہ رکھتے ہیں ۔ ضرورت ہو تو درج ذیل پتہ پر فوری رابطہ قائم کریں ــــ ضلع لاہور میں دینی مدرسہ یا اسکول کو ترجیح دی جائے گی ۔

(حافظ محمد اسلم شاہدروی، متعلم جامعہ علومِ اثریہ جہلم خطیب مسجد محمدی اہل حدیث، محمدی چوک، محمود شہید روڈ لاہور)